ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(49)

مورخہ 24.01.24

بہاول پور(   )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات،گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں 08 ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب،منشیات واسلحہ ناجائز برآمد،ملزمان پابند سلاسل ۔جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا،ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ بغدادالجدید، تھانہ نوشہرہ جدید اور تھانہ خیر پور ٹامیوالی پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 04 ملزمان بلال، اعجاز، عامر اور سلیم کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 125 لیٹر دیسی شراب برآمد کر لی۔اسی طرح تھانہ عنائتی پولیس نے منشیات فروشی کے 01 ملزم اعجاز کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 45 گرام کرسٹل آئس برآمد کر لی۔جبکہ تھانہ کینٹ اور تھانہ ہیڈ راجکاں پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے 03 ملزمان زاہد، عبدال خباب اور زاہد گجر کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 02 عدد پسٹل 30 بور اور 01 عدد رپیٹر 12 بور برآمد کر لیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا،سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جا رہا ہے،انہوں نے مزید کہا جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات،گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں شراب،منشیات واسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (50)

مورخہ 24.01.24

بہاول پور (   ) الیکشن کمیشن آف پاکستان کی ہدایات کی روشنی میں پولیس لائنیز کے ریکریشن ہال میں الیکشن 2024 کے حوالے سے ماسٹر ٹرینگ پروگرام کا اہتمام۔ٹرینگ کا بنیادی مقصد پولیس اہلکاروں کو جنرل الیکشن 2024 کے دوران تمام پہلوؤں سے آشنا کرنا اور ایس او پی کے مطابق ڈیوٹی پر فارم کرنا ہے،ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق الیکشن کمیشن آف پاکستان ہدایات کی روشنی اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات پر پولیس لائنیز کے ریکریشن ہال میں الیکشن 2024 کے حوالے سے دو روزہ ماسٹر ٹرینگ کا انعقاد کیا گیا۔ٹرینگ سیشن کے پہلے روز الیکشن کمیشن کے سٹاف اور ماسٹر ٹریز ز نے سیکیورٹی کے حوالے سے افسران و جوانوں کو بریف کیا اور پریکٹیکل ٹرینگ کروائی۔ٹرینگ کا مقصد ہے کہ دوران الیکشن پولیس کا کردار شفاف اور غیر جانبدارانہ ہو اور فورس پہلے سے ہر لحاظ سے مکمل تربیت یافتہ ہو۔اس کے علاوہ الیکشن کمیشن کی ایس او پیز پر مکمل طور پر عملدرآمد کو یقینی بنانا ہے۔ٹرینگ سیشن میں ڈولفن فورس، ایلیٹ فورس اور ٹریفک پولیس کی کیلئے بھی سیکیورٹی و پیٹرولنگ ڈیوٹی کیلئے ایس او پیز کو حتمی شکل دی گئی۔ ماسٹر ٹریز ز کی جانب سے پولیس فورس کو الیکشن عملے کے ساتھ مکمل تعاون کرنے کی ہدایات جاری کی گئیں جبکہ پولنگ عملہ اور عوام الناس کی حفاظت کو ہر صورت یقینی بنانے کیلئے بھی طریقہ کار وضع کیا گیا۔ بعد ازیں ماسٹر ٹریز ز اپنے متعقلہ سٹاف کو اس حوالے سے ٹرینگ دیں گے۔اس حوالے سے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے بات کرتے ہوئے کہا کہ پولیس افسران و جوان الیکشن کے دوران تمام پہلوں کو سامنے رکھتے ہوئے اور الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے دیے گئے طریقہ کار اور پروٹوکول کے مطابق ڈیوٹی پر فارم کریں گے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: الیکشن کمیشن آف پاکستان کی ہدایات کی روشنی میں پولیس لائنیز کے ریکریشن ہال میں الیکشن 2024 کے حوالے سے ماسٹر ٹرینگ پروگرام کا اہتمام